Pak Studies - 10th Class Pakistan Studies Chapter 5 Preparation

Q1. وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی ملکیت کتنی مقرر کی

Ans 1: وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی حد ملیکت 150 ایکڑنہری 300 ایکٹر بارانی مقرر کی

Q2. دوامی اور غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے

Ans 1: دوامی نہریں سارا سال آب پاشی کے لیے پانی مہیا کرتی ہیں اپر چناب لوئر چناب اپر جہلم لوئر جہلم اور لوئر باری دو آب اہم دوامی نہریں ہیں غیر دوامی نہریں صرف برسات یاموسم گرما میں بہتی ہیں موسم سرما میں یہ نہریں بند رہتی ہیں دریائے ستلج پر واقع اسلام بیراج سے نکلنے والی بہاول پور اور قائم پور نہروں کے علاوہ گدو بیراج کی سب نہریں غیر دوامی ہیں

Q3. نیشنلائزیشن کے تعلیم پر کیا منفی اثرات مرتب ہوگئے

Ans 1: اساتذہ ودیگر ملازمین کو تنخوا ہوں کی ادائیگی کیلے حکومت کو قومی خزانے سے رقم خرچ کرنا پڑی طلبہ کو کرایوں میں رعایت دینے سے ٹرانسپورٹ مالکان کے درمیان کشمکش کی ایک نئی صورت حال پیدا ہوگئ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ تنظیموں نے سیاسی جماعتوں کے ذریعے منظم شکل اختیار کرلی اور امن وامان کا مسلہ پیدا ہوگیا

Q4. سندھ میں قدرتی گیس کے ذخائر کہاں کہاں واقع ہیں

Ans 1: صوبہ سندھمیں خیر پور مزرانی ساری ہنڈی کنڈھ کوٹ اور سارنگ میں اس ذخائر واقع ہیں

Q5. کشمیری زبان کے دو شعرا کے نام لکھیے

Ans 1: کشمیری زبان کے دو شعرااا شتی کنٹھ اور رحبہ خاتون ہیں

Q6. ہند کو زبان کی ترقی کیلے پشاور سے شائع ہونے والے ماہانہ میگزین کا نام لکھیں

Ans 1: ہند کو زبان کی ترقی کیلے پشاور سے شائع ہونے والے ماہانہ میگزین کا نام فروغ ہے

Q7. پاکستان میں پائے جانے والے غیر دھاتی معدنیات کے نام تحریر کریں.

Ans 1: قدرتی گیس، معدنی تیل، خوردنی نمک،چونے کا پتھر، سنگ مرمر اور جپچم شامل ہیں.

Q8. پاکستان میں کپاس پیدا کرنے والے علاقوں کے نام تحریر کریں

Ans 1: صوبہ پنجاب میں ڈیرہ غازی خان،مظفر گڑھ، جھنگ،بہاولپور، ملتان، ساہیوال،فیصل آباد،سرگودھا، لودھراں، صوبہ سندھ میں ٹھٹھہ، بدین،سکھر، حیدرآباد، سانگھڑ، نوابشاہ،خیر پور اور تھر پارکر صوبہ خیبر پختونخوا میں ڈیرہ اسماعیل خان اور بنوں جب کہ بلوچستان میں جعفر اباد اور قلات کپاس کی پیداوار کے اہم علاقے ہیں.

Q9. پاکستان میں اقلیتوں کے لیے کون سا طریقہ رائج ہے.

Ans 1: پاکستان میں اقلیتوں کے لیے مخلوط طریقہ رائج ہے.

Q10. پاکستان میں ایٹمی توانائی کے پلانٹس کہاں واقع ہیں.

Ans 1: پاکستان میں 1971ء میں ایٹمی توانائی متعارف ہوئی جب کراچی میں پہلا پلانٹ"کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ قائم ہوا. ادھر ایٹمی گھر چشمہ کے مقام پر لگایا گیا بھی زیر II جسے"چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ-1 کا نام دیا گیا اور اسے 13 جون 2000 کو نیشنل گرڈ کے ساتھ ملایا گیا- ان کے علاوہ"چشمہ نیوکلییئر پاور پلانٹ یونٹ تعمیر ہے.